امن خلق 20

القرآن الکریم

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

www.KitaboSunnat.com

نگہت ہاشمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

اَمَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَاَنۡزَلَ

(کیاوہ شریک بہتر ہیں) یاوہ جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور اُتارا

(کیاوہ شریک بہتر ہیں) یاوہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تمہارے لیے

لَكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنۡۢبَتۡنَا بِهٖ حَدَآئِقَ

تمہارے لیے آسمان سے پانی پھراُگائے ہم نے اُس سے باغات

آسمان سے پانی اُتارا؟ پھر ہم نے اس سے رونق والے باغات اُگائے،

ذَاتَ بَهۡجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمۡ اَنۡ تُنۡۢبِتُوۡا شَجَرَهَا ؕ

رونق والے نہ تھا تمہارے لئے یہ کہ تم اُگاتے درخت ان کے

تمہارے بس میں نہ تھا کہ تم اُس کے درختوں کو اُگاتے،

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ يَّعۡدِلُوۡنَ ؕ ﴿۶۰﴾

کیا کوئی معبود ہے؟ ساتھ اللہ تعالیٰ کے بلکہ وہ لوگ ہیں وہ راستے سے ہٹ رہے ہیں

کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ بلکہ وہ لوگ راستے سے ہٹ رہے ہیں۔(60)

اَمَّنۡ جَعَلَ الۡاَرۡضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَاۤ اَنۡهٰرًا

یاوہ جس نے بنایا زمین کو ٹھہرنے کی جگہ اور بنائے اس کے درمیان دریا

یاوہ جس نے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ بنایا؟ اور اس کے درمیان دریا بنائے

وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِىَ وَجَعَلَ بَيۡنَ الۡبَحۡرَيۡنِ

اور بنائے اُس کے لیے پہاڑ اور بنائی درمیان دوسمندروں کے

اور اُس کے لیے پہاڑ بنائے اور دوسمندروں کے درمیان ایک آڑ بنائی؟

حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ

ایک آڑ کیا کوئی معبود ہے؟ ساتھ اللہ تعالیٰ کے بلکہ اکثر اُن میں سے

کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ بلکہ ان میں سے اکثر لوگ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾	اَمَّنْ	يُّجِيْبُ	الْمُضْطَرَّ	اِذَا	دَعَاهُ
نہیں جانتے	یا وہ جو	قبول کرتا ہے	بے قرار کی	جب	وہ پکارتا ہے اسے

نہیں جانتے۔(61) یا وہ جو بے قرار کی دعا قبول کرتا ہے جب وہ اُسے پکارتا ہے؟

وَيَكْشِفُ	السُّوْٓءَ	وَيَجْعَلُكُمْ	خُلَفَآءَ	الْاَرْضِ ؕ	ءَاِلٰهٌ
اور وہ دور کرتا ہے	تکلیف کو	اور وہ بناتا ہے تمہیں	جانشین	زمین کا	کیا کوئی معبود ہے؟

اور وہ تکلیف دور کرتا ہے اور تمہیں زمین کا جانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟

مَّعَ	اللّٰهِ ؕ	قَلِيْلًا مَّا	تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾	اَمَّنْ	يَّهْدِيْكُمْ
ساتھ	اللہ تعالیٰ کے	بہت ہی کم	تم نصیحت حاصل کرتے ہو	یا وہ جو	راستہ دکھاتا ہے تمہیں

تم بہت کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔(62) یا وہ جو تمہیں خشکی اور سمندر کے اندھیروں میں راستہ دکھاتا ہے؟

فِيْ ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَمَنْ	يُّرْسِلُ	الرِّيٰحَ
اندھیروں میں	خشکی	اور سمندر کے	اور کون ہے جو	بھیجتا ہے	ہواؤں کو

اور جو اپنی رحمت کے آگے ہواؤں کو

بُشْرًا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهٖ ؕ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ	اللّٰهِ ؕ
خوش خبری بنا کر	آگے	اپنی رحمت کے	کیا کوئی معبود ہے؟	ساتھ	اللہ تعالیٰ کے

خوش خبری بنا کر بھیجتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟

تَعٰلَى	اللّٰهُ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٣﴾	اَمَّنْ	يَّبْدَؤُا
بہت بلند ہے	اللہ تعالیٰ	اس سے جو	وہ شرک کرتے ہیں	یا وہ جو	ابتدا کرتا ہے

اللہ تعالیٰ بہت بلند و برتر ہے اُس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔(63) یا وہ جو

الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	وَمَنْ	يَّرْزُقُكُمْ
تخلیق کی	پھر	وہ اعادہ کرتا ہے اس کا	اور وہ جو	رزق دیتا ہے تمہیں

تخلیق کی ابتداء کرتا ہے، پھر اُس کا اعادہ کرتا ہے؟ اور وہ جو تمہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِّنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلۡ

آسمان سے | اور زمین سے | کیا کوئی معبود ہے؟ | ساتھ | اللہ تعالیٰ کے | آپ کہہ دیں

آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ آپ کہہ دیں

هَاتُوۡا بُرۡهَانَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿٦٤﴾ قُلۡ لَّا يَعۡلَمُ

لاؤ | دلیل اپنی | اگر | ہو تم | سچے | آپ کہہ دیں | نہیں جانتا

لاؤ اپنی دلیل، اگر تم سچے ہو۔(64) آپ کہہ دیں

مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ الۡغَيۡبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا

جو | آسمانوں | اور زمین میں ہے | کوئی غیب | سوائے | اللہ تعالیٰ کے | اور نہیں

کہ اللہ تعالیٰ کے سوا آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے غیب نہیں جانتا

يَشۡعُرُوۡنَ اَيَّانَ يُبۡعَثُوۡنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلۡمُهُمۡ

وہ شعور رکھتے | کب | وہ اُٹھائے جائیں گے | بلکہ | ختم ہو گیا | علم اُن کا

اور وہ شعور نہیں رکھتے کہ کب وہ اُٹھائے جائیں گے؟(65) بلکہ ان کا آخرت کے بارے

فِى الۡاٰخِرَةِ ۚ بَلۡ هُمۡ فِىۡ شَكٍّ مِّنۡهَا ۚ بَلۡ هُمۡ

آخرت کے بارے میں | بلکہ | وہ | شک میں ہیں | اس سے | بلکہ | وہ

میں علم ختم ہو گیا ہے، بلکہ وہ اس کے بارے میں شک میں ہیں، بلکہ وہ

مِّنۡهَا عَمُوۡنَ ﴿٦٦﴾ ع وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا ءَاِذَا

اس سے | اندھے ہیں | اور کہا | انہوں نے | جن لوگوں نے کفر کیا | کیا جب

اُس سے اندھے ہیں۔(66) اور جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے کہا کہ کیا جب

كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَاۤ اَئِنَّا لَمُخۡرَجُوۡنَ ﴿٦٧﴾

ہو جائیں گے ہم | مٹی | اور باپ دادا ہمارے | کیا واقعی ہم | ضرور نکالے جانے والے ہیں

ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے تو کیا واقعی ہم ضرور (قبروں سے) نکالے جانے والے ہیں؟(67)

ع ٥ ٨ ١

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَقَدْ	وُعِدْنَا	هٰذَا	نَحْنُ	وَاٰبَآؤُنَا	مِنْ قَبْلُ ۙ
بلاشبہ یقیناً	وعدہ دیا گیا تھا	اس کا	ہم سے	اور ہمارے باپ دادا سے	اس سے پہلے

بلاشبہ یقیناً ہمیں اور اس سے پہلے ہمارے باپ دادا کو بھی وعدہ دیا گیا تھا،

اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾	قُلْ
نہیں	یہ	مگر	فرضی کہانیاں	پہلے لوگوں کی	آپ کہہ دیں

یہ محض پہلے لوگوں کی فرضی کہانیاں ہیں۔(68)

سِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا	ہوا	انجام

آپ کہہ دیں کہ زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾	وَلَا تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	تَكُنْ	فِيْ ضَيْقٍ
مجرموں کا	اور نہ غم کریں آپ	اُن پر	اور نہ	آپ ہوں	تنگی میں

کہ مجرموں کا کیسا انجام ہوا!(69) اور آپ ان پر غم نہ کریں۔اور نہ آپ تنگی میں ہوں

مِّمَّا	يَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ
اس سے جو	وہ بُری تدبیریں کرتے ہیں	اور وہ کہتے ہیں	کب ہوگا	یہ	وعدہ

اس سے جو وہ بُری تدبیریں کرتے ہیں۔(70) اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿۷۱﴾	قُلْ	عَسٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنَ
اگر	ہو تم	سچے	آپ کہہ دیں	ہوسکتا ہے	یہ کہ	ہو وہ

اگر تم سچے ہو؟(71) آپ کہہ دیں ہوسکتا ہے کہ

رَدِفَ	لَكُمْ	بَعْضُ	الَّذِيْ	تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۷۲﴾
پیچھے آئے	تمہارے لیے	کچھ حصہ	جسے	تم جلدی مانگتے ہو

جسے تم جلدی مانگتے ہو، اس کا کچھ حصہ تمہارے پیچھے آئے۔(72)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

اور یقیناً | رب آپ کا | یقیناً بڑے فضل والا ہے | لوگوں پر | اور لیکن

اور یقیناً آپ کا رب لوگوں پر بڑے فضل والا ہے لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ

اکثر اُن میں سے | نہیں شکر ادا کرتے | اور یقیناً | رب آپ کا | یقیناً جانتا ہے

ان میں سے اکثر شکر ادا نہیں کرتے۔(73) اور یقیناً آپ کا رب

مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَمَا

جو | چھپاتے ہیں | سینے اُن کے | اور جو | وہ ظاہر کرتے ہیں | اور نہیں

جانتا ہے جو ان کے سینے چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔(74)

مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾

کوئی غائب چیز | آسمان میں | اور زمین میں | مگر وہ | کتاب میں ہے | واضح

اور آسمان اور زمین میں کوئی غائب چیز نہیں مگر وہ ایک واضح کتاب میں ہے۔(75)

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ

یقیناً | یہ | قرآن | بیان کرتا ہے | بنی اسرائیل پر | بہت سی

یقیناً یہ قرآن بنی اسرائیل پر بہت سی اُن چیزوں کو بیان کرتا ہے

الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٧٦﴾ وَاِنَّهٗ

وہ (باتیں) کہ | وہ | جن کے بارے میں | اختلاف کرتے ہیں | اور بے شک وہ

جن کے بارے میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔(76)

لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾ اِنَّ رَبَّكَ

یقیناً ہدایت ہے | اور رحمت ہے | مومنوں کے لیے | یقیناً | رب آپ کا

اور وہ مومنوں کے لئے یقیناً ہدایت اور رحمت ہے۔(77) یقیناً آپ کا رب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَقۡضِيۡ بَيۡنَهُمۡ بِحُكۡمِهٖ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۷۸﴾

فیصلہ کرے گا درمیان اُن کے اپنے حکم سے اور وہی سب پر غالب سب کچھ جاننے والا ہے

اپنے حکم سے اُن کے درمیان فیصلہ کرے گا۔ اور وہی سب پر غالب، سب کچھ جاننے والا ہے۔(78)

فَتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّكَ عَلَى الۡحَقِّ الۡمُبِيۡنِ ﴿۷۹﴾

چنانچہ آپ بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ پر یقیناً آپ حق پر ہیں واضح

چنانچہ آپ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں، یقیناً آپ واضح حق پر ہیں۔(79)

اِنَّكَ لَا تُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰى وَلَا تُسۡمِعُ الصُّمَّ

یقیناً آپ نہیں سنا سکتے مردوں کو اور نہ آپ سنا سکتے ہیں بہروں کو

یقیناً آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے ہیں اور نہ ہی آپ بہروں کو

الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوۡا مُدۡبِرِيۡنَ ﴿۸۰﴾ وَمَآ اَنۡتَ

(اپنی) پکار جب وہ پلٹ جائیں پیٹھ پھیر کر اور نہ آپ

اپنی پکار سنا سکتے ہیں جب وہ پیٹھ پھیر کر پلٹ جائیں۔(80) اور نہ آپ

بِهٰدِى الۡعُمۡىِ عَنۡ ضَلٰلَتِهِمۡ ؕ اِنۡ تُسۡمِعُ

راستہ دکھانے والے ہیں اندھوں کو اُن کی گمراہی سے نہیں آپ سنا سکتے

اندھوں کو ان کی گمراہی سے راستہ دکھانے والے ہیں، آپ صرف

اِلَّا مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿۸۱﴾

مگر جو ایمان لاتا ہے ہماری آیات پر چنانچہ وہی فرماں بردار ہیں

اُنہیں سنا سکتے ہیں جو ہماری آیات پر ایمان لاتا ہے، چنانچہ وہی فرماں بردار ہیں۔(81)

وَاِذَا وَقَعَ الۡقَوۡلُ عَلَيۡهِمۡ اَخۡرَجۡنَا لَهُمۡ

اور جب واقع ہو جائے گی بات اُن پر نکالیں گے ہم اُن کے لیے

اور جب اُن پر بات واقع ہو جائے گی، تو ہم اُن کے لیے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا

ایک چلنے والا جانور | زمین سے | وہ کلام کرے گا اُن سے | یقیناً | فلاں لوگ | تھے وہ

زمین سے ایک چلنے والا جانور نکالیں گے جواُن سے کلام کرے گا کہ یقیناً فلاں لوگ

بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ

ع ٦ ١٦ ٢

ہماری آیات پر | نہیں یقین رکھتے | اور جس دن | ہم جمع کریں گے | ہر اُمت سے

ہماری آیات پر یقین نہیں رکھتے تھے۔(82) اور جس دن ہم ہر اُمت میں سے

فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ

ایک گروہ | اس میں سے جو | جھٹلاتے تھے | ہماری آیات کو | پھر ان کی

ان لوگوں کا ایک گروہ جمع کریں گے جو ہماری آیات کو جھٹلاتے تھے، پھر اُن کی

يُوْزَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ

قسمیں بنائی جائیں گی | یہاں تک کہ | جب | وہ آجائیں گے | فرمائے گا | کیا تم نے جھٹلا دیا

قسمیں بنائی جائیں گی۔(83) یہاں تک کہ جب وہ آجائیں گے

بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ

میری آیات کو | حالانکہ نہ تم نے احاطہ کیا تھا | ان کا | علم سے | یا پھر کیا | تھے تم

تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم نے میری آیات کو جھٹلا دیا؟ حالانکہ تم نے علم سے اُن کا احاطہ ہی نہ کیا تھا، یا پھر کیا

تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا

عمل کیا کرتے | اور واقع ہوجائے گی | بات | اُن پر | اس کے بدلے جو

تم عمل کیا کرتے تھے؟(84) اور اُن پر بات واقع ہوجائے گی

ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾ اَلَمْ يَرَوْا

انہوں نے ظلم کیا | چنانچہ وہ | کچھ نہ بولیں گے | کیا نہیں | اُنہوں نے دیکھا

اس کے بدلے جو انہوں نے ظلم کیا، چنانچہ وہ کچھ نہ بولیں گے۔(85) کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

اَنَّا	جَعَلْنَا	الَّيْلَ	لِيَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَالنَّهَارَ
یقیناً ہم	بنائی ہم نے	رات	تاکہ وہ آرام کریں	اس میں	اور دن کو

کہ یقیناً ہم نے رات بنائی تاکہ لوگ اس میں آرام کریں اور دن کو

مُبْصِرًا ۭ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
دکھانے والا	واقعی	اس میں	یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لیے

دکھلانے والا بنایا؟ واقعی اس میں یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔(86)

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾	وَيَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	فَفَزِعَ
جو ایمان لاتے ہیں	اور جس دن	پھونک ماردی جائے گی	صور میں	گھبرا اٹھے گا

اور جس دن صور میں پھونک ماردی جائے گی تو سب گھبرا اُٹھیں گے جو آسمانوں میں ہیں

مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	مَنْ	شَاۗءَ
جو	آسمانوں میں ہے	اور جو	زمین میں ہے	مگر	جو	چاہے گا

اور جو زمین میں ہیں مگر وہ جسے اللہ تعالیٰ چاہے گا

اللّٰهُ ۭ	وَكُلٌّ	اَتَوْهُ	دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾	وَتَرَى	الْجِبَالَ
اللہ تعالیٰ	اور سب	چلے آئیں گے اس کے پاس	ذلیل ہوکر	اور آپ دیکھوگے	پہاڑوں کو

اور سب اُس کے پاس ذلیل ہوکر چلے آئیں گے۔(87) اور آپ پہاڑوں کو دیکھو گے،

تَحْسَبُهَا	جَامِدَةً	وَّهِيَ	تَمُرُّ	مَرَّ	السَّحَابِ ۭ
آپ گمان کروگے انہیں	جما ہوا	حالانکہ وہی	چل رہے ہوں گے	چلنے کی طرح	بادلوں کے

آپ انہیں جما ہوا گمان کروگے حالانکہ وہی بادلوں کے چلنے کی طرح چل رہے ہوں گے۔

صُنْعَ	اللّٰهِ	الَّذِيْٓ	اَتْقَنَ	كُلَّ شَيْءٍ ۭ	اِنَّهٗ
کاریگری ہے	اللہ تعالیٰ کی	جس نے	خوب مضبوط بنایا ہے	ہر چیز کو	یقیناً وہ

یہ اللہ تعالیٰ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو خوب مضبوط بنایا ہے یقیناً وہ

www.KitaboSunnat.com
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۸۸﴾ مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَةِ

خوب باخبر ہے | اس سے جو | تم کرتے ہو | جو شخص | لے کر آئے گا | نیکی

خوب باخبر ہے اُس سے جو تم کرتے ہو۔(88) جو شخص نیکی لے کر آئے گا

فَلَهٗ خَيۡرٌ مِّنۡهَا ۚ وَهُمۡ مِّنۡ فَزَعٍ يَّوۡمَئِذٍ

تو اس کے لیے | بہتر ہے | اس سے | اور وہ | گھبراہٹ سے | اُس دن

تو اُس کے لیے اس سے بہتر ہے، اور وہ اُس دن گھبراہٹ سے

اٰمِنُوۡنَ ﴿۸۹﴾ وَمَنۡ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتۡ

امن میں ہوں گے | اور جو | لے کر آئے گا | بُرائی | تو اُوندھے منہ ڈال دیے جائیں گے

امن میں ہوں گے۔(89) اور جو بُرائی لے کر آئے گا تو ان کے چہرے اُوندھے منہ

وُجُوۡهُهُمۡ فِى النَّارِ ؕ هَلۡ تُجۡزَوۡنَ اِلَّا مَا كُنۡتُمۡ

چہرے اُن کے | آگ میں | نہیں | تمہیں سزا دی جائے گی | مگر | جو | تم تھے

آگ میں ڈال دیے جائیں گے تمہیں سزا نہیں دی جائے گی مگر وہی جو

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَآ اُمِرۡتُ اَنۡ اَعۡبُدَ رَبَّ

عمل کیا کرتے | یقیناً | مجھے حکم دیا گیا | یہ کہ | میں عبادت کروں | رب کی

تم کیا کرتے تھے (90) یقیناً مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں

هٰذِهِ الۡبَلۡدَةِ الَّذِىۡ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَىۡءٍ

اس | شہر کے | جس نے | حرمت دی اس کو | اور اُس کے لئے | ہر چیز ہے

اس شہر کے رب کی عبادت کروں جس نے اُس کو حرمت دی اور ہر چیز اُسی کے لئے ہے

وَّاُمِرۡتُ اَنۡ اَكُوۡنَ مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿۹۱﴾ وَاَنۡ اَتۡلُوَا

اور مجھے حکم دیا گیا ہے | یہ کہ | میں ہو جاؤں | فرماں برداروں میں سے | اور یہ کہ | میں پڑھ کر سناؤں

اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداروں میں سے ہو جاؤں۔(91) اور یہ کہ میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ

قرآن | پھر جو | سیدھے راستے پر آ جائے | تو یقیناً | وہ راستے پر آتا ہے | اپنے لیے

قرآن پڑھ کر سناؤں، پھر جو سیدھے راستے پر آ جائے تو یقیناً وہ صرف اپنے لیے سیدھے راستے پر آتا ہے

وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾

اور جو | گمراہ ہو | تو آپ کہہ دیں | یقیناً | میں | صرف ڈرانے والوں میں سے ہوں

اور جو گمراہ ہو تو آپ کہہ دیں کہ میں صرف ڈرانے والوں میں سے ہوں۔(92)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

اور آپ کہہ دیں | سب تعریف اللہ کے لئے ہے | جلد ہی وہ دکھائے گا تمہیں | اپنی نشانیاں

اور آپ کہہ دیں سب تعریف اللہ کے لئے ہے، جلد ہی وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے گا

فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع

تو تم پہچان لو گے انہیں | اور نہیں | رب آپ کا | بے خبر | اس سے جو | تم عمل کرتے ہو

تو تم انہیں پہچان لو گے، اور آپ کا رب اُس سے بے خبر نہیں ہے جو تم عمل کرتے ہو۔(93)

ع ۱۱/۲

ایاتها ۸۸ — ۲۸ سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ ۴۹ — رکوعاتها ۹

سورہ قصص مکی ہے اس میں اٹھاسی آیات اور نو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالٰی کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾

طسم | یہ ہیں | آیات | کتاب کی | واضح

طسم۔(1) یہ واضح کتاب کی آیات ہیں۔(2)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نَتْلُوْا	عَلَيْكَ	مِنْ نَّبَاِ	مُوْسٰى	وَفِرْعَوْنَ	بِالْحَقِّ
ہم پڑھ کر سناتے ہیں	آپ پر	حالات سے	موسیٰ	اور فرعون کے	حق کے ساتھ

ہم آپ کو موسیٰ اور فرعون کے حالات حق کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں

لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ ۝٣	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	عَلَا
ایسے لوگوں کے لیے	جو ایمان لاتے ہیں	یقیناً	فرعون نے	سرکشی کی

ایسے لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔(3) یقیناً فرعون نے زمین میں سرکشی کی۔

فِي الْاَرْضِ	وَجَعَلَ	اَهْلَهَا	شِيَعًا	يَّسْتَضْعِفُ
زمین میں	اور بنا دیا	وہاں کے رہنے والوں کو	کئی گروہ	وہ نہایت کمزور کر رہا تھا

اور اُس نے وہاں کے رہنے والوں کو کئی گروہ بنا دیا، اُن میں سے ایک گروہ کو وہ نہایت کمزور کر رہا تھا،

طَآىِٕفَةً	مِّنْهُمْ	يُذَبِّحُ	اَبْنَآءَهُمْ	وَيَسْتَحْيٖ
ایک گروہ کو	اُن میں	بری طرح وہ ذبح کرتا تھا	اُن کے بیٹوں کو	اور زندہ رہنے دیتا

وہ اُن کے بیٹوں کو بری طرح ذبح کرتا تھا اور

نِسَآءَهُمْ ؕ	اِنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٤	وَنُرِيْدُ
اُن کی عورتوں کو	یقیناً وہ	تھا	فساد کرنے والوں میں سے	اور ہم ارادہ رکھتے تھے

اُن کی عورتوں کو زندہ رہنے دیتا تھا یقیناً وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا۔(4) اور ہم ارادہ رکھتے تھے

اَنْ	نَّمُنَّ	عَلَى الَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْا	فِي الْاَرْضِ
یہ کہ	ہم احسان کریں	اُن لوگوں پر	نہایت کمزور کر دیے گئے تھے	زمین میں

کہ اُن لوگوں پر احسان کریں جو زمین میں نہایت کمزور کر دیے گئے تھے

وَنَجْعَلَهُمْ	اَىِٕمَّةً	وَّنَجْعَلَهُمُ	الْوٰرِثِيْنَ ۝٥ ۙ
اور ہم بنا دیں اُنہیں	راہ نما	اور ہم بنا دیں اُن کو	وارث

اور ہم اُنہیں راہ نما بنا دیں اور ہم اُنہیں وارث بنا دیں۔(5)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

وَنُمَكِّنَ	لَهُمْ	فِي الْأَرْضِ	وَنُرِيَ	فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ
اور ہم اقتدار دیں	اُنہیں	زمین میں	اور ہم دکھلا دیں	فرعون	اور ہامان

اور ہم اُنہیں زمین میں اقتدار دیں اور ہم فرعون،

وَجُنُوْدَهُمَا	مِنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا	يَحْذَرُوْنَ ۞ ۶
اور اُن کے لشکروں کو	اُن میں سے	جس سے	تھے وہ	ڈراتے

ہامان اور اُن کے لشکروں کو اُن سے وہی کچھ دِکھلا دیں، جس سے وہ ڈرتے تھے۔(6)

وَأَوْحَيْنَا	إِلَىٰ	أُمِّ مُوْسَىٰ	أَنْ	أَرْضِعِيْهِ ج	فَإِذَا
اور وحی کی ہم نے	طرف	موسیٰ کی ماں کی	یہ کہ	تم دودھ پلاؤ اسے	پھر جب

اور ہم نے موسیٰ کی ماں کو وحی کی کہ اُسے دودھ پلاؤ، پھر جب

خِفْتِ	عَلَيْهِ	فَأَلْقِيْهِ	فِي الْيَمِّ	وَلَا تَخَافِي
تو ڈرے	اس کے بارے میں	تو ڈال دے اسے	دریا میں	اور نہ تم ڈرو

تو اُس کے بارے میں ڈرے تو اُسے دریا میں ڈال دے اور نہ ڈرو

وَلَا تَحْزَنِي ج	إِنَّا	رَآدُّوْهُ	إِلَيْكِ	وَجَاعِلُوْهُ
اور نہ غم کرو	یقیناً ہم	لوٹا کر لانے والے ہیں اسے	تمہارے پاس	اور بنانے والے ہیں اسے

اور غم نہ کرو، یقیناً ہم اُسے تمہارے پاس لوٹا کر لانے والے ہیں، اور اُسے

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۞ ۷	فَالْتَقَطَهٗ	اٰلُ فِرْعَوْنَ	لِيَكُوْنَ
رسولوں میں سے	تو اُٹھالیا اسے	فرعون کے گھر والوں نے	تا کہ وہ ہو

رسولوں میں سے بنانے والے ہیں۔(7) تو اُسے فرعون کے گھر والوں نے اُٹھایا تا کہ وہ

لَهُمْ	عَدُوًّا	وَّحَزَنًا ط	إِنَّ	فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ
اُن کے لیے	دشمن	اور غم کا باعث	یقیناً	فرعون	اور ہامان

اُن کے لیے دشمن ہو اور غم کا باعث ہو۔ یقیناً فرعون اور ہامان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَجُنُوْدَهُمَا	كَانُوْا	خٰطِئِيْنَ ﴿٨﴾	وَقَالَتِ	امْرَاَتُ
اور اُن دونوں کے لشکر	تھے وہ	خطا کار	اور کہا	بیوی نے

اور اُن دونوں کے لشکر خطا کار تھے۔(8) اور فرعون کی بیوی نے کہا کہ

فِرْعَوْنَ	قُرَّتُ	عَيْنٍ	لِّيْ	وَلَكَ ؕ
فرعون کی	ٹھنڈک ہے	آنکھوں کی	میرے لیے	اور تمہارے لیے

میرے لیے اور تمہارے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے،

لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ	عَسٰۤى	اَنْ	يَّنْفَعَنَاۤ	اَوْ	نَتَّخِذَهٗ	وَلَدًا
نہ تم قتل کرو اسے	اُمید ہے	یہ کہ	وہ نفع دے ہمیں	یا	ہم بنالیں اُسے	بیٹا

تم اُسے قتل نہ کرو، اُمید ہے کہ وہ ہمیں نفع دے یا ہم اُسے بیٹا ہی بنالیں

وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩﴾	وَاَصْبَحَ	فُؤَادُ	اُمِّ	مُوْسٰى
اور وہ	نہیں سمجھتے تھے	اور ہو گیا	دل	ماں کا	موسیٰ کی

اور وہ سمجھتے نہیں تھے۔(9) اور موسیٰ کی ماں کا دل

فٰرِغًا ؕ	اِنْ	كَادَتْ	لَتُبْدِيْ	بِهٖ	لَوْلَاۤ	اَنْ
خالی	یقیناً	قریب تھا	کہ وہ ظاہر کردیتی	اُسے	اگر نہ ہوتی	یہ (بات) کہ

خالی ہو گیا۔ قریب تھا کہ وہ اُسے ظاہر کر دیتی اگر یہ بات نہ ہوتی کہ

رَّبَطْنَا	عَلٰى قَلْبِهَا	لِتَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠﴾
بند باندھ دیا ہم نے	اس کے دل پر	تاکہ وہ ہو جائے	مومنوں میں سے

ہم نے بند باندھ دیا اس کے دل پر تاکہ وہ مؤمنوں میں سے ہو جائے۔(10)

وَقَالَتْ	لِاُخْتِهٖ	قُصِّيْهِ ؗ	فَبَصُرَتْ	بِهٖ
اور کہا اُس نے	اُس کی بہن سے	پیچھے جاؤ اس کے	پس وہ دیکھتی رہی	اُس کو

اور اُس نے موسیٰ کی بہن سے کہا کہ اُس کے پیچھے پیچھے جا پس اُس کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿11﴾ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ

ایک طرف سے | اور وہ | نہیں شعور رکھتے تھے | اور حرام کر دیا تھا ہم نے | اُس پر

ایک طرف سے دیکھتی رہی اور وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔(11) اور ہم نے پہلے ہی اُس پر

الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ

دودھ پلانے والیوں کو | پہلے ہی | تو لڑکی نے کہا | کیا | میں راہ نمائی کروں تمہاری

دودھ پلانے والیوں کو حرام کر رکھا تھا تو لڑکی نے کہا کہ کیا میں

عَلٰۤى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ

(ایسے) گھر والوں پر | وہ پرورش کریں اُس کی | تمہارے لیے | اور وہ | اُس کے لیے

ایسے گھر والوں پر تمہاری راہ نمائی کروں جو تمہارے لیے اس کی پرورش کریں اور وہ اُس کے لیے

نٰصِحُوْنَ ﴿12﴾ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ

خیر خواہ ہوں | تو لوٹا دیا ہم نے اُس کو | طرف | اُس کی ماں کی | تاکہ | ٹھنڈی ہو

خیر خواہ ہوں۔(12) تو ہم نے موسیٰ کو اُس کی ماں کی طرف لوٹا دیا تاکہ

عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ

اُس کی آنکھ | اور نہ وہ غمگین ہو | اور تاکہ وہ جان لے | یقیناً | وعدہ ہے

اُس کی آنکھ ٹھنڈی ہو اور وہ غمگین نہ ہو اور تاکہ وہ جان لے کہ

اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿13﴾ ع ١٣ ٣ الربع

اللہ تعالیٰ کا | سچا | اور لیکن | اکثر اُن کے | نہیں جانتے

اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے لیکن ان کے اکثر لوگ نہیں جانتے۔(13)

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

اور جب | وہ پہنچا | اپنی جوانی کو | اور پورا توانا ہو گیا | عطا کی ہم نے اسے | حکمت

اور جب موسیٰ اپنی جوانی کو پہنچا اور پورا توانا ہو گیا تو ہم نے اُسے حکمت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَّعِلْمًا ؕ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِى	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾	وَدَخَلَ
اور علم	اور اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیک لوگوں کو	اور وہ داخل ہوا

اور علم عطا کیا اور اسی طرح ہم نیک لوگوں کو جزا دیتے ہیں۔(14) اور وہ

الْمَدِيْنَةَ	عَلٰى	حِيْنِ غَفْلَةٍ	مِّنْ اَهْلِهَا	فَوَجَدَ	فِيْهَا
شہر میں	اوپر	غفلت کے وقت	اس کے رہنے والوں میں	تو اُس نے پایا	اُس میں

شہر میں ایسے وقت داخل ہوا جب کہ اس کے رہنے والے غفلت میں تھے تو اس نے اس میں

رَجُلَيْنِ	يَقْتَتِلٰنِ ۫	هٰذَا	مِنْ شِيْعَتِهٖ	وَهٰذَا
دو آدمیوں کو	وہ آپس میں لڑ رہے تھے	یہ	اس کی قوم میں سے	اور یہ

دو آدمیوں کو پایا کہ وہ آپس میں لڑ رہے تھے، یہ اُس کی قوم میں سے

مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ	فَاسْتَغَاثَهُ	الَّذِىْ	مِنْ شِيْعَتِهٖ
اس کے دشمنوں میں سے	تو مدد طلب کی اس سے	جو	اس کی قوم میں سے (تھا)

اور یہ اُس کے دشمنوں میں سے تھا۔ تو جو اُس کی قوم میں سے تھا اُس نے موسیٰ سے اُس شخص کے خلاف مدد طلب کی

عَلَى الَّذِىْ	مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ	فَوَكَزَهٗ	مُوْسٰى	فَقَضٰى
اوپر اس شخص کے	(جو) اس کے دشمنوں میں سے (تھا)	تو گھونسا مارا اس کو	موسیٰ نے	پھر کام تمام کر دیا

جو اُس کے دشمنوں میں سے تھا، تو موسیٰ نے اُس کو ایک گھونسا مارا پھر اُس کا کام تمام کر دیا۔

عَلَيْهِ ۫	قَالَ	هٰذَا	مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ	اِنَّهٗ	عَدُوٌّ
اس کا	موسیٰ نے کہا	یہ ہے	شیطان کے کاموں میں سے	یقیناً وہ	دشمن ہے

موسیٰ نے کہا: ”یہ شیطان کے کاموں میں سے ہے یقیناً وہ

مُّضِلٌّ	مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾	قَالَ	رَبِّ	اِنِّىْ	ظَلَمْتُ
گمراہ کرنے والا	کھلا	موسیٰ نے کہا	اے میرے رب	یقیناً میں	ظلم کیا ہے میں نے

کھلا گمراہ کرنے والا دشمن ہے۔“(15) موسیٰ نے کہا: ”اے میرے رب! یقیناً میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے،

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

نَفْسِىْ	فَاغْفِرْ لِىْ	فَغَفَرَ لَهٗ ؕ	اِنَّهٗ	هُوَ	
اپنی جان پر	چنانچہ آپ بخش دیں مجھے	تو بخش دیا اس کو (اللہ تعالیٰ نے)	یقیناً وہ	وہ	

چنانچہ آپ مجھے بخش دیں۔" تو اللہ تعالیٰ نے اُس کو بخش دیا، یقیناً وہ

الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ ﴿١٦﴾	قَالَ	رَبِّ	بِمَآ	اَنْعَمْتَ
بڑا بخشنے والا	نہایت رحم والا ہے	اُس نے کہا	اے میرے رب	اس وجہ سے جو	تو نے انعام کیا

بڑا بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(16) موسیٰ نے کہا: "اے میرے رب! اس وجہ سے کہ تو نے مجھ پر انعام کیا،

عَلَيَّ	فَلَنْ	اَكُوْنَ	ظَهِيْرًا	لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٧﴾	فَاَصْبَحَ
مجھ پر	تو کبھی نہیں	میں ہوں گا	مددگار	مجرموں کا	پھر صبح کی

تو میں کبھی مجرموں کا مددگار نہیں بنوں گا۔"(17) تو اس نے ڈرتے ہوئے شہر میں صبح کی،

فِى الْمَدِيْنَةِ	خَآئِفًا	يَّتَرَقَّبُ	فَاِذَا	الَّذِى
شہر میں	ڈرتے ہوئے	خطرہ بھانپتے ہوئے	تو اچانک	وہی شخص جس نے

خطرہ بھانپتے ہوئے گیا تو اچانک وہی شخص اس سے فریاد کر رہا تھا جس نے

اسْتَنْصَرَهٗ	بِالْاَمْسِ	يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ	قَالَ	لَهٗ
مدد مانگی تھی اس سے	کل	اس سے فریاد کر رہا تھا	کہا	اس سے

کل اُس سے مدد مانگی تھی موسیٰ نے اُس سے کہا:

مُوْسٰٓى	اِنَّكَ	لَغَوِىٌّ	مُّبِيْنٌ ﴿١٨﴾	فَلَمَّآ اَنْ	اَرَادَ
موسیٰ نے	یقیناً تم	ضرور گمراہ ہو	کھلے	پھر جونہی	ارادہ کیا اس نے

"یقیناً تم ضرور کھلے گمراہ ہو۔"(18) پھر جونہی موسیٰ نے ارادہ کیا کہ

اَنْ	يَّبْطِشَ	بِالَّذِىْ	هُوَ	عَدُوٌّ	لَّهُمَا ۙ	قَالَ
یہ کہ	وہ پکڑے	اس کو جو	وہ	دشمن ہے	اُن دونوں کا	اُس نے کہا

وہ اس کو پکڑے جو اُن دونوں کا دشمن تھا، اُس نے کہا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يٰمُوْسٰۤى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ

اے موسیٰ | کیا تم ارادہ رکھتے ہو | یہ کہ | مجھے قتل کر دو | جس طرح | تم نے قتل کیا

"اے موسیٰ! کیا تم آج مجھے اسی طرح قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہو جس طرح تم نے

نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ

ایک شخص کو | کل | نہیں | تم چاہتے | مگر | یہ کہ | تم بن جاؤ

کل ایک شخص کو قتل کیا؟ تم نہیں چاہتے مگر یہ کہ

جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ

جابر | زمین میں | اور نہیں | تم ارادہ رکھتے | کہ | ہو جاؤ تم

زمین میں جابر بن جاؤ اور نہیں تم ارادہ رکھتے کہ

مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

اصلاح کرنے والوں میں سے | اور آیا | ایک شخص | دور کے کنارے سے | شہر کے

اصلاح کرنے والوں میں سے ہو جاؤ۔" (19) اور ایک شخص شہر کے

يَسْعٰى قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ

دوڑتا ہوا | اُس نے کہا | اے موسیٰ | یقیناً | سردار | مشورہ کر رہے ہیں

دور کے کنارے سے دوڑتا ہوا آیا، اُس نے کہا: "اے موسیٰ! یقیناً سردار

بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ

تیرے بارے میں | کہ وہ قتل کر دیں تجھے | چنانچہ تو نکل جا | یقیناً میں | تیرے لیے

تیرے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں کہ تجھے قتل کر دیں، چنانچہ تو نکل جا، یقیناً میں تیرے لیے

مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ

خیر خواہوں میں سے ہوں | تو نکل پڑا | وہاں سے | ڈرتا ہوا | سہمتا ہوا

خیر خواہوں میں سے ہوں۔" (20) تو وہ وہاں سے ڈرتا ہوا، سہمتا ہوا نکل پڑا،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ٢ ٨ ٥

قَالَ	رَبِّ	نَجِّنِىْ	مِنَ الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ ع
اُس نے کہا	اے میرے رب	نجات دلا دے مجھے	لوگوں سے	ظالم

اُس نے کہا: ”اے میرے رب! آپ مجھے ظالم لوگوں سے نجات دیں۔“ (21)

وَلَمَّا	تَوَجَّهَ	تِلْقَآءَ مَدْيَنَ	قَالَ	عَسٰى
اور جب	رخ کیا اُس نے	مدین کی طرف	اُس نے کہا	اُمید ہے کہ

اور جب موسیٰ نے مدین کی طرف رُخ کیا، اُس نے کہا: ”اُمید ہے کہ

رَبِّیْٓ	اَنْ	يَّهْدِيَنِىْ	سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾	وَلَمَّا	وَرَدَ
میرا رب	یہ کہ	راہ نمائی کرے گا میری	سیدھی راہ کی طرف	اور جب	وہ پہنچا

میرا رب سیدھی راہ کی طرف میری راہ نمائی کرے گا۔“ (22) اور جب وہ

مَآءَ	مَدْيَنَ	وَجَدَ	عَلَيْهِ	اُمَّةً	مِّنَ النَّاسِ
پانی کے (کنویں) پر	مدین کے	اس نے پایا	اس پر	ایک گروہ کو	لوگوں کے

مدین کے کنویں پر پہنچا تو اُس پر لوگوں کے ایک گروہ کو پایا

يَسْقُوْنَ ۬	وَوَجَدَ	مِنْ دُوْنِهِمُ	امْرَاَتَيْنِ	تَذُوْدٰنِ ۚ
وہ پلا رہے تھے	اور اس نے پایا	اُن سے الگ	دو عورتوں کو	وہ روک رہی تھیں

جو پانی پلا رہے تھے اور اُن سے الگ دو عورتوں کو پایا جو اپنے (جانوروں کو) روک رہی تھیں

قَالَ	مَا	خَطْبُكُمَا ؕ	قَالَتَا	لَا نَسْقِىْ	حَتّٰى
موسیٰ نے کہا	کیا	معاملہ ہے تم دونوں کا	انہوں نے کہا	نہیں ہم پلاتیں	یہاں تک کہ

موسیٰ نے کہا: ”تم دونوں کا کیا معاملہ ہے؟“ انہوں نے کہا: ”ہم پانی نہیں پلاتیں یہاں تک کہ

يُصْدِرَ	الرِّعَآءُ ٚ	وَاَبُوْنَا	شَيْخٌ	كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾
واپس لے جائیں	چرواہے	اور والد ہمارے	بوڑھے ہیں	بہت

چرواہے پلا کر واپس لے جائیں اور ہمارے والد بہت بوڑھے ہیں۔“ (23)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ

چنانچہ اُس نے پانی پلا دیا — اُن دونوں کے لیے — پھر — وہ پلٹ کر چلا گیا — طرف — سائے کی

چنانچہ اُس نے اُن دونوں کے (جانوروں کو) پانی پلا دیا، پھر وہ پلٹ کر سائے کی طرف چلا گیا

فَقَالَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَىَّ

تو اُس نے کہا — اے میرے رب — یقیناً میں — جو — آپ نازل کریں — مجھ پر

تو اُس نے کہا: ”اے میرے رب! جو بھلائی بھی آپ مجھ پر نازل کر دیں،

مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِىْ

بھلائی میں سے — محتاج ہوں — تو آئی اُس کے پاس — اُن دونوں میں سے ایک — چل کر

یقیناً میں محتاج ہوں۔“ (24) تو اُن دونوں میں سے ایک

عَلَى اسْتِحْيَآءٍ قَالَتْ اِنَّ اَبِىْ يَدْعُوْكَ

شرم وحیا کے ساتھ — اُس نے کہا — یقیناً — میرے والد — وہ بلاتے ہیں آپ کو

انتہائی شرم وحیا کے ساتھ چل کر اُس کے پاس آئی، اُس نے کہا: ”یقیناً میرے والد آپ کو بلاتے ہیں

لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ فَلَمَّا

تاکہ وہ دیں آپ کو — بدلہ — جو — آپ نے پلایا — ہمارے لیے — تو جب

تاکہ آپ نے ہمارے لیے جو پانی پلایا اُس کا آپ کو بدلہ دیں۔“ تو جب

جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ قف

وہ آیا اُس کے پاس — اور بیان کیا — اس سے — سارا حال — اُس نے کہا — تم ڈرو نہیں

وہ اُس کے پاس آیا اور اُس سے سارا حال بیان کیا، اُس نے کہا: ”ڈرو نہیں

نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا

نجات پائی ہے تم نے — ظالم قوم سے — کہا — اُن دونوں میں سے ایک نے

تم نے ظالم قوم سے نجات پائی ہے۔“ (25) اُن دونوں میں سے ایک نے کہا:

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ

اے میرے ابا جان اسے اُجرت پر رکھ لیں یقیناً بہترین آدمی ہے جسے اُجرت پر رکھیں آپ

"اے میرے ابا جان! اسے اُجرت پر رکھ لیں۔ یقیناً بہترین آدمی جسے آپ اجرت پر رکھیں

الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ

مضبوط امانت دار اُس نے کہا یقیناً میں میں ارادہ رکھتا ہوں یہ کہ

مضبوط، امانت دار ہی ہے۔" (26) اُس نے کہا: "یقیناً میں ارادہ رکھتا ہوں کہ

اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ

میں نکاح کردوں تمہارے ساتھ ایک کا اپنی بیٹیوں میں سے ان دو سے اوپر یہ کہ

اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تمہارے ساتھ کردوں

تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا

میری مزدوری کرو آٹھ سال پھر اگر تم پورے کردو دس سال

اس شرط پر کہ تم آٹھ سال تک میری مزدوری کرو، پھر اگر دس سال پورے کردو

فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ؕ

تو تمہاری طرف سے ہے اور نہیں میں ارادہ رکھتا یہ کہ میں مشقت ڈالوں تم کو

تو تمہاری طرف سے ہے اور میں تم پر مشقت کا ارادہ نہیں رکھتا،

سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ

جلد ہی تم پاؤ گے مجھے ان شاء اللہ نیک لوگوں میں سے موسیٰ نے کہا یہ بات

تم ان شاء اللہ جلد ہی مجھے نیک لوگوں میں سے پاؤ گے۔" (27) موسیٰ نے کہا: "یہ بات

بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ؕ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ

میرے درمیان اور آپ کے درمیان (طے) ہے جو بھی دو مدتوں میں سے میں پوری کردوں

میرے اور آپ کے درمیان طے ہے، ان دونوں مُدتوں میں سے جو بھی میں پوری کردوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَلَا عُدْوَانَ	عَلَيَّ ؕ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	مَا	نَقُوْلُ
تو نہیں کوئی زیادتی ہوگی	مجھ پر	اور اللہ تعالیٰ	اُوپر	اس کے جو	ہم کہہ رہے ہیں

تو مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس پر

وَكِيْلٌ ﴿٢٨﴾ ع	فَلَمَّا	قَضٰى	مُوْسَى	الْاَجَلَ	وَسَارَ
نگہبان ہے	پھر جب	پوری کر دی	موسیٰ نے	مدت	اور رات کو چلا

نگہبان ہے جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں۔" (28) پھر جب موسیٰ نے مُدّت پوری کر دی اور وہ ع ٣ ٧ ٦

بِاَهْلِهٖٓ	اٰنَسَ	مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ	نَارًا ۚ	قَالَ
اپنے گھر والوں کے ساتھ	اُس نے دیکھی	طور کی جانب	ایک آگ	اُس نے کہا

اپنے گھر والوں کے ساتھ رات کو چل پڑا، اُس نے طور کی جانب ایک آگ دیکھی، اُس نے

لِاَهْلِهِ	امْكُثُوْٓا	اِنِّيْٓ	اٰنَسْتُ	نَارًا	لَّعَلِّيْٓ
اپنے گھر والوں سے	ٹھہرو	یقیناً میں	میں نے دیکھی ہے	ایک آگ	شاید کہ میں

اپنے گھر والوں سے کہا: "ٹھہرو! یقیناً میں نے ایک آگ دیکھی ہے، شاید کہ میں وہاں سے

اٰتِيْكُمْ	مِّنْهَا	بِخَبَرٍ	اَوْ جَذْوَةٍ	مِّنَ النَّارِ
لے آؤں تمہارے پاس	وہاں سے	کوئی خبر	یا کوئی انگارہ	آگ کا

تمہارے پاس کوئی خبر لے آؤں یا کوئی آگ کا انگارہ

لَعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ ﴿٢٩﴾	فَلَمَّآ	اَتٰىهَا	نُوْدِيَ
تاکہ تم	سینک سکو	چنانچہ جب	وہ آیا وہاں	اسے پکارا گیا

تاکہ تم سینک سکو۔" (29) چنانچہ جب وہ وہاں آیا

مِنْ شَاطِئِ	الْوَادِ	الْاَيْمَنِ	فِي الْبُقْعَةِ	الْمُبٰرَكَةِ
کنارے سے	وادی کے	دائیں کنارے	ٹکڑے میں	بابرکت

تو وادی کے دائیں کنارے سے بابرکت ٹکڑے میں ایک درخت سے پکارا گیا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِنَ الشَّجَرَةِ	اَنْ	يّٰمُوْسٰٓى	اِنِّيْٓ	اَنَا	اللّٰهُ
ایک درخت سے	یہ کہ	اے موسیٰ	یقیناً میں	میں ہی	اللہ تعالیٰ

”اے موسیٰ! یقیناً میں ہی اللہ تعالیٰ،

رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٠﴾	وَاَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ	فَلَمَّا
رب ہوں	جہانوں کا	اور یہ کہ	پھینک دو	اپنی لاٹھی	تو جب

جہانوں کا رب ہوں۔(30) اور یہ کہ اپنی لاٹھی پھینک دو۔“ تو جب

رَاٰهَا	تَهْتَزُّ	كَاَنَّهَا جَآنٌّ	وَّلّٰى	مُدْبِرًا
اس نے دیکھا اسے	حرکت کرتی ہے	گویا کہ وہ سانپ ہے	وہ بھاگا	پیٹھ پھیر کر

موسیٰ نے اُسے دیکھا کہ حرکت کر رہی ہے گویا کہ وہ سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر بھاگا۔

وَّلَمْ يُعَقِّبْ	يٰمُوْسٰٓى	اَقْبِلْ	وَلَا تَخَفْ	اِنَّكَ
اور پیچھے نہیں مڑا	اے موسیٰ	آگے آؤ	اور نہ تم خوف کھاؤ	یقیناً تم

اور پیچھے نہیں مڑا ”اے موسیٰ! آگے آؤ اور خوف نہ کھاؤ، یقیناً تم

مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿٣١﴾	اُسْلُكْ	يَدَكَ	فِيْ جَيْبِكَ	تَخْرُجْ
امن والوں میں سے ہو	ڈالو	اپنا ہاتھ	اپنے گریبان میں	نکلے گا

امن والوں میں سے ہو۔(31) اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالو،

بَيْضَآءَ	مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ	وَّاضْمُمْ	اِلَيْكَ	جَنَاحَكَ
سفید چمکتا ہوا	بغیر کسی عیب کے	اور ملا لو	اپنے ساتھ	اپنا بازو

بغیر کسی عیب کے سفید چمکتا ہوا نکلے گا اور خوف سے (بچنے کے لیے) اپنا بازو اپنے ساتھ ملا لو

مِنَ الرَّهْبِ	فَذٰنِكَ	بُرْهَانٰنِ	مِنْ رَّبِّكَ	اِلٰى
خوف سے	سو یہ ہیں	دو دلیلیں	تمہارے رب کی طرف سے	طرف

سو یہ تمہارے رب کی طرف سے دو دلیلیں ہیں

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

فِرْعَوْنَ وَمَلَاۡىِٕهٖ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٣٢﴾

فرعون کی | اور اس کے سرداروں کی | یقیناً وہ | ہیں | لوگ | نافرمان

فرعون اور اُس کے سرداروں کے لئے یقیناً وہ بڑے نافرمان لوگ ہیں۔" (32)

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا

موسیٰ نے کہا | اے میرے رب | یقیناً میں نے | قتل کیا ہے | اُن میں سے | ایک آدمی کو

موسیٰ نے کہا: "اے میرے رب! یقیناً میں نے اُن میں سے ایک آدمی کو قتل کیا ہے

فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾ وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ

چنانچہ میں ڈرتا ہوں | یہ کہ | وہ قتل کردیں گے مجھے | اور میرا بھائی | ہارون | وہ

چنانچہ میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کردیں گے۔ (33) میرا بھائی ہارون

اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً

زیادہ فصیح ہے | مجھ سے | زبان میں | تو بھیج دیں اسے | میرے ساتھ | مددگار کے طور پر

زبان میں مجھ سے زیادہ فصیح ہے، تو اُسے میرے ساتھ مددگار کے طور پر بھیج دے

يُّصَدِّقُنِيْٓ ۡ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿٣٤﴾

کہ وہ میری تائید کرے | یقیناً میں | میں ڈرتا ہوں | یہ کہ | وہ مجھے جھٹلائیں گے

کہ وہ میری تائید کرے، یقیناً میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے۔" (34)

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا | جلد ہی ہم مضبوط کریں گے | بازو تیرا | تیرے بھائی کے ذریعے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "ہم جلد ہی تیرے بھائی کے ذریعے تیرا بازو مضبوط کریں گے۔

وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ

اور ہم دیں گے | تم دونوں کو | غلبہ | سو نہ وہ پہنچیں گے | تم دونوں تک

اور ہم تم دونوں کو غلبہ دیں گے، سو وہ تم دونوں تک نہ پہنچیں گے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنۡتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الۡغٰلِبُوۡنَ ﴿۳۵﴾

ہماری نشانیوں کے ساتھ | تم دونوں | اور جو | پیروی کریں گے تم دونوں کی | غالب ہونے والے ہیں

ہماری نشانیوں کے ساتھ، تم دونوں اور جو تم دونوں کی پیروی کریں گے، غالب ہونے والے ہیں۔(35)

فَلَمَّا جَآءَهُمۡ مُّوۡسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوۡا

پھر جب | آیا اُن کے پاس | موسیٰ | ہماری نشانیوں کے ساتھ | کھلی | اُنہوں نے کہا

پھر جب موسیٰ اُن کے پاس ہماری کھلی نشانیاں لے کر آیا تو انہوں نے کہا:

مَا هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّفۡتَرًى وَّمَا سَمِعۡنَا

نہیں | یہ | سوائے | جادو کے | من گھڑت | اور نہیں | سنی ہیں ہم نے

”من گھڑت جادو کے سوا یہ کچھ بھی نہیں اور ہم نے

بِهٰذَا فِىۡۤ اٰبَآئِنَا الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوۡسٰى

یہ (باتیں) | اپنے باپ دادا سے | پہلے | اور کہا | موسیٰ نے

یہ باتیں اپنے پہلے باپ دادا میں نہیں سُنیں۔“(36) اور موسیٰ نے کہا:

رَبِّىۡۤ اَعۡلَمُ بِمَنۡ جَآءَ بِالۡهُدٰى مِنۡ عِنۡدِهٖ

میرا رب | زیادہ جانتا ہے | اُس کو جو | آیا ہے | ہدایت لے کر | اُس کی جناب سے

”میرا رب اُس کو زیادہ جانتا ہے جو اُس کی جناب سے ہدایت لے کر آیا ہے،

وَمَنۡ تَكُوۡنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ

اور اس شخص کو | کہ ہوگا | اس کے لیے | اچھا انجام | گھر کا | یقیناً وہ

اور اس شخص کو جس کے لیے گھر کا اچھا انجام ہوگا، یقیناً

لَا يُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرۡعَوۡنُ يٰۤاَيُّهَا

نہیں کامیاب ہوتے | ظالم | اور کہا | فرعون نے | اے

ظالم کامیاب نہیں ہوتے۔(37) اور فرعون نے کہا:“ اے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

الْمَلَاُ	مَا	عَلِمْتُ	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرِيْ ۚ
سردارو	نہیں	میں جانتا	تمہارے لیے	کوئی معبود	اپنے سوا

اہلِ دربار! میں تو اپنے سوا تمہارے لیے کسی معبود کو نہیں جانتا۔

فَاَوْقِدْ لِيْ	يٰهَامٰنُ	عَلَى الطِّيْنِ	فَاجْعَلْ	لِّيْ
تو آگ جلاؤ میرے لیے	اے ہامان	مٹی پر	پھر بنوا دو	میرے لیے

تو اے ہامان! میرے لیے مٹی پر آگ جلاؤ، پھر میرے لیے

صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَطَّلِعُ	اِلٰٓى	اِلٰهِ	مُوْسٰى ۙ
ایک محل	تا کہ میں	جھانک کر دیکھوں	طرف	معبود کی	موسیٰ کے

ایک محل بنوا دو تا کہ میں موسیٰ کے معبود کو جھانک کر دیکھوں،

وَاِنِّيْ	لَاَظُنُّهٗ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾	وَاسْتَكْبَرَ	هُوَ
اور یقیناً میں	ضرور سمجھتا ہوں اسے	جھوٹوں میں سے	اور بڑا بن بیٹھا	وہ

اور یقیناً میں ضرور اُسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں۔" (38) وہ اور اُس کے لشکر

وَجُنُوْدُهٗ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ
اور اس کے لشکر	زمین میں	ناحق	اور انہوں نے گمان کیا	یقیناً وہ

زمین میں ناحق بڑے بن بیٹھے اور انہوں نے گمان کیا کہ یقیناً وہ

اِلَيْنَا	لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾	فَاَخَذْنٰهُ	وَجُنُوْدَهٗ
طرف ہماری	واپس نہیں لوٹائے جائیں گے	تو پکڑ لیا ہم نے اسے	اور اس کے لشکروں کو

ہماری طرف واپس نہیں لوٹائے جائیں گے۔ (39) تو ہم نے اُسے اور اُس کے لشکروں کو پکڑ لیا،

فَنَبَذْنٰهُمْ	فِي الْيَمِّ ۚ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
پھر پھینک دیا ہم نے اُسے	سمندر میں	سو آپ دیکھیں	کیسا؟	ہوا

پھر اُن کو سمندر میں پھینک دیا سو آپ دیکھیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَاقِبَةُ	الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٠﴾	وَجَعَلْنٰهُمْ	اَئِمَّةً	يَّدْعُوْنَ
انجام	ظالموں کا	اور بنایا ہم نے اُنہیں	ایسے راہ نما	وہ بلاتے تھے

ظالموں کا کیسا انجام تھا۔(40) اور ہم نے اُنہیں ایسے راہ نما بنا دیا جو

اِلَى	النَّارِ ۚ	وَيَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾
طرف	آگ کی	اور دن	قیامت کے	نہیں ان کی مدد کی جائے گی

آگ کی طرف بلاتے تھے، اور قیامت کے دن اُن کی مدد نہیں کی جائے گی۔(41)

وَاَتْبَعْنٰهُمْ	فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	لَعْنَةً ۚ	وَيَوْمَ
اور پیچھے لگا دی ہم نے اُن کے	اس دُنیا میں	لعنت	اور دن

اور ہم نے اس دنیا میں بھی اُن کے پیچھے لعنت لگا دی ہے

الْقِيٰمَةِ	هُمْ	مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿٤٢﴾	وَلَقَدْ	اٰتَيْنَا
قیامت کے	وہ	بدحال لوگوں میں سے ہوں گے	بلاشبہ یقیناً	دی ہم نے

ع ۱۴ ۴ ۷

اور قیامت کے دن وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے۔(42) اور بلاشبہ یقیناً ہم نے

مُوْسَى	الْكِتٰبَ	مِنْۢ بَعْدِ مَآ	اَهْلَكْنَا	الْقُرُوْنَ
موسیٰ کو	کتاب	بعد	ہلاک کرنے کے	امتوں کو

پہلی اُمتوں کو ہلاک کرنے کے بعد موسیٰ کو کتاب دی

الْاُوْلٰى	بَصَآئِرَ	لِلنَّاسِ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةً
پہلی	دلائل تھے	لوگوں کے لیے	اور ہدایت	اور رحمت

جو لوگوں کے لیے دلائل، ہدایت اور رحمت تھی

لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾	وَمَا	كُنْتَ	بِجَانِبِ
تاکہ وہ	نصیحت حاصل کریں	اور نہ	تھے آپ	جانب

تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔(43) اور آپ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا

مغربی جب عطا کیا ہم نے طرف موسیٰ کی حکم کو اور نہ

مغربی جانب موجود نہ تھے جب ہم نے موسیٰ کو حکم عطا کیا

كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا

آپ تھے حاضر ہونے والوں میں سے اور لیکن ہم پیدا کیں ہم نے بہت سی قومیں

اور نہ ہی آپ حاضر ہونے والوں میں سے تھے۔(44) لیکن ہم نے بہت سی قومیں پیدا کیں،

فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا

پھر طویل گزرا اُن پر زمانہ/مدت اور نہ تھے آپ رہنے والے

پھر اُن پر طویل زمانہ گزرا اور آپ اہلِ مدین میں رہنے والے

فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا

اہل مدین میں تم پڑھ کر سنا رہے ہوتے اُنہیں ہماری آیات اور لیکن ہم ہم ہی ہیں

بھی نہ تھے کہ اُنہیں ہماری آیات پڑھ کر سنا رہے ہوتے مگر ہم ہی

مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ

(رسول بنا کر) بھیجنے والے اور نہ آپ تھے کنارے پر طور کے جب

(رسول بنا کر) بھیجنے والے ہیں۔(45) اور آپ طور کے کنارے بھی نہ تھے جب

نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

پکارا ہم نے اور لیکن رحمت ہے تیرے رب کی جناب سے تاکہ آپ ڈرائیں لوگوں کو

ہم نے موسیٰ کو پکارا لیکن آپ کے رب کی جناب سے رحمت ہے تاکہ آپ ایسے لوگوں کو ڈرائیں

مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

نہیں آیا اُن کے پاس کوئی خبردار کرنے والا آپ سے پہلے تاکہ وہ

جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی خبردار کرنے والا نہیں آیا تاکہ وہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ

نصیحت حاصل کریں | اور اگر نہ ہوتا | یہ کہ | پہنچتی ان کو | کوئی مصیبت

نصیحت حاصل کریں۔(46)اور اگر ایسا نہ ہوتا کہ

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ

جو کچھ آگے بھیجا | ان کے ہاتھوں نے | تو وہ کہتے | اے ہمارے رب | کیوں نہ

اُن کے اعمال کی وجہ سے اُن پر کوئی مصیبت آجاتی تو وہ کہتے کہ اے ہمارے رب!

اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ

تو نے بھیجا | ہماری طرف | کوئی رسول | پھر ہم پیروی کرتے | تیری آیات کی | اور ہم ہو جاتے

تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا؟ کہ ہم تیری آیات کی پیروی کرتے اور ہم

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٧﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا

ایمان لانے والوں میں سے | پھر جب | آگیا اُن کے پاس | حق | ہماری جناب سے

ایمان والوں میں سے ہو جاتے۔(47) پھر جب اُن کے پاس ہماری جناب سے حق آگیا

قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ

اُنہوں نے کہا | کیوں نہ | دیا گیا | وہی کچھ | جو | دیا گیا | موسیٰ کو

تو اُنہوں نے کہا: ”اسے بھی کیوں نہ وہی کچھ دیا گیا جو موسیٰ کو دیا گیا تھا؟“

اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ

اور کیا نہیں | اُنہوں نے انکار کیا | اس کا جو | دی گئی تھی | موسیٰ کو | اس سے پہلے

اور کیا اُنہوں نے اُس کا انکار نہیں کیا تھا جو اس سے پہلے موسیٰ کو دی گئی تھی؟

قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۣ وَقَالُوْٓا اِنَّا

اُنہوں نے کہا | دونوں جادوگر ہیں | ایک دوسرے کی مدد کی ہے انہوں نے | اور انہوں نے کہا | یقیناً ہم

انہوں نے کہا: ”دونوں جادوگر ہیں، انہوں نے ایک دوسرے کی مدد کی ہے۔“ اور انہوں نے کہا: ”یقیناً ہم

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَأْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

ساتھ ہرایک کے انکار کرنے والے ہیں آپ کہہ دیں لاؤ کوئی کتاب اللہ تعالیٰ کی جناب سے

ہرایک کا انکار کرنے والے ہیں۔" (48) آپ کہہ دیں کہ پھر تم ہی اللہ تعالیٰ کی جناب سے کوئی کتاب لاؤ

هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ

وہ ہدایت میں بہتر ہو ان دونوں سے میں پیروی کروں اُس کی اگر ہو تم

جو ہدایت میں ان دونوں ہی سے بہتر ہو، میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ

واقعی سچے پھر اگر وہ نہ قبول کریں آپ کی (بات) تو آپ یقین کریں

واقعی سچے ہو۔ (49) پھر اگر وہ آپ کی بات قبول نہ کریں تو آپ یقین کریں

اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ

یقیناً وہ پیروی کرتے ہیں اپنی خواہشات کی اور کون زیادہ گمراہ ہے

کہ وہ صرف اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں اور اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا

مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ

اس سے جو پیروی کرتا ہے اپنی خواہش کی بغیر ہدایت کے اللہ تعالیٰ کی

جو اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے بغیر ہی اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے؟

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَلَقَدْ

بلاشبہ اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا لوگوں کو ظالم اور بلاشبہ یقیناً

بلاشبہ اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ (50) اور بلاشبہ یقیناً

وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ؕ ﴿۵۱﴾

پہنچادی ہے ہم نے انہیں بات تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں

ہم نے اُنہیں بات پہنچادی ہے تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ (51)

ع ۵ ۸ ۸

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِهٖ	هُمْ	بِهٖ
جن لوگوں کو	دی ہم نے ان کو	کتاب	اس سے پہلے	وہ	اس کے ساتھ

جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی ہے

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾	وَاِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا
ایمان لاتے ہیں	اور جب	پڑھ کر سنایا جاتا ہے	اُنہیں	تو وہ کہتے	ایمان لائے ہم

وہ اُس پر ایمان لاتے ہیں۔(52) اور جب وہ اُنہیں پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم

بِهٖٓ	اِنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّنَآ	اِنَّا	كُنَّا
اس پر	یقیناً وہ	حق ہے	ہمارے رب کی جناب سے	یقیناً ہم	تھے ہم

اُس پر ایمان لائے ہیں، یقیناً ہمارے رب کی جناب سے وہ حق ہے، یقیناً ہم تو

مِنْ قَبْلِهٖ	مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾	اُولٰٓئِكَ	يُؤْتَوْنَ	اَجْرَهُمْ
اس سے پہلے	فرماں بردار	یہ وہ لوگ ہیں	انہیں دیا جائے گا	اجر ان کا

اس سے پہلے ہی فرماں بردار ہیں۔(53) یہ وہ لوگ ہیں کہ انہیں اُن کا اجر

مَّرَّتَيْنِ	بِمَا	صَبَرُوْا	وَيَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ
دو مرتبہ	اس کے بدلے جو	اُنہوں نے صبر کیا	اور وہ دور کرتے ہیں	بھلائی سے

دو مرتبہ دیا جائے گا اُس کے بدلے جو انہوں نے صبر کیا، اور وہ بُرائی کو بھلائی سے دور کرتے ہیں

السَّيِّئَةَ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾	وَاِذَا
بُرائی کو	اور اس میں سے جو	رزق دیا ہم نے اُنہیں	وہ خرچ کرتے ہیں	اور جب

اور ہم نے اُنہیں جو رزق دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔(54) اور جب

سَمِعُوا	اللَّغْوَ	اَعْرَضُوْا	عَنْهُ	وَقَالُوْا	لَنَآ
وہ سنتے ہیں	بے ہودہ بات	منہ موڑ جاتے ہیں	اُس سے	اور وہ کہتے ہیں	ہمارے لیے

